# محکمہ زراعت آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد

## ٹینڈر نوٹس

محکمہ زراعت آزاد کشمیر کو ترقیاتی سکیم AGRO-ECOLOGICAL BASED FRUIT, VEGETABLE & APICULTURE DEVELOPMENT AS ENTERPRISE IN STATE OF AZAD JAMMU & KASHMIR. کے تحت مالی سال 21-2020 کے دوران پلاسٹک شیٹ کی خریداری کے سلسلہ میں "Single Stage One Envelope" طریقہ کار کے تحت انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ سپلائرز سے انراخ درکار ہیں۔ یہ انراخ 30 جون 2021ء تک موثر ہوں گے۔

**جنرل شرائط:**

1۔ پلاسٹک شیٹ کی تفصیلات/تصریحات و دیگر ضروری لوازمات پر مبنی فارم (بعوض -/500 روپے ناقابل واپسی) مورخہ 7 ستمبر 2020ء تک دفتر زیردستخطی سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔

2۔ ٹینڈر مورخہ 10 ستمبر 2020ء کو 11:00 بجے دن تک موصول ہونا ضروری ہیں جو کہ اسی روز 11:30 بجے دن ٹینڈر دہندگان یا ان کے نامزد نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ مقررہ وقت کے بعد کوئی بھی کوٹیشن وصول نہ کی جائے گی۔

3۔ محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن آزاد کشمیر/FBR پاکستان سے ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ دینا ضروری ہوگا۔

4۔ بلات کی ادائیگی محکمہ حسابات سے بل پاس ہونے پر ہوگی اور بلات سے آزاد کشمیر میں مروجہ ٹیکسز وضع کر لیئے جائیں گے۔

5۔ ٹینڈر کے ہمراہ سپلائرز/فرم کے بلیک لسٹ اور کسی تنازعہ میں ملوث نہ ہونے کا حلفیہ بیان اشٹام پیپر پر دینا ہوگا۔

6۔ ٹینڈر کی کل مالیت کا 2% بطور کال ڈیپازٹ بنام زیردستخطی جمع کروانا لازمی ہوگا۔

7۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ کوئی ایک یا تمام ٹینڈر مسترد کر سکتی ہے تاہم اس کی جوازیت پیش کی جائے گی۔

8۔ منظور شدہ انراخ کی بنیاد پر دوران سال PPRA رولز کے مطابق مطلوب اشیاء کی تعداد میں کمی یا اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

9۔ ڈیمانڈ کے مطابق عدم فراہمی یا مطلوبہ معیار/تصریحات سے ہٹ کر سپلائی کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے سپلائی آرڈر منسوخ کر دیا جائے گا۔

10۔ مشروط و نامکمل پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

11۔ یہ اشتہار AJK PPRA کی ویب سائٹ (http://ppra.ajk.gov.pk) پر بھی Up-load کیا گیا ہے۔

**نوٹ :**

بالا شرائط کے علاوہ تصریحات فارم میں دیئے گئے تمام ضروری لوازمات کی تکمیل کوٹیشنرز کے لیے لازم ہوگی۔


**( خواجہ مسعود اقبال )**

فروٹ اینڈ ٹیکنیکل سپیشلسٹ، محکمہ زراعت مظفرآباد

زراعت کمپلیکس شوکت لائنز گوجرہ مظفرآباد

فون نمبر: 05822-920661

agriculture_ajk@yahoo.com